پانچویں شرط: مرد کا لباس سونے کا نہ ہو

پانچویں شرط: مرد کا لباس سونے کا نہ ہو

مسئلہ۹۰۔ جو لباس سونے سے بنایا گیا ہو یا اس میں سونا استعمال کیا گیا ہو ، مرد کے لئے اس کو پہننا حرام اور اس میں نماز باطل ہے لیکن عورت کے لئے نماز اور دیگر تمام حالات میں کوئی اشکال نہیں رکھتا۔

مسئلہ۹۱۔ مرد کے لئے سونے کی زنجیر، انگوٹھی اور ہاتھ کی گھڑی استعمال کرنا حرام ہے اگرچہ زینت کی نیت کے بغیر اور دوسروں کی نظروں سے مخفی اور مختصر مدت مثلا ئنکاح کے وقت ہی کیوں نہ ہو اور احتیاط واجب کی بناپر اس کے ساتھ نماز بھی باطل ہے۔

مسئلہ۹۲۔ مرد کے لئےہڈی کی سرجری اور دندان سازی میں سونا استعمال کرنے میں کوئی اشکال نہیں اور نماز باطل ہونے کا باعث نہیں

مسئلہ۹۳۔ سفید سونا اگر زرد سونا ہو جو مرکب کرنے کی وجہ سے سفید ہوا ہو تو زرد سونے کا حکم رکھتا ہے لیکن اگر اس میں سونے کا عنصر اتنا کم ہو کہ عرف میں سونا نہ کہا جائے تو مرد کے لئے اس کا استعمال اشکال نہیں رکھتا۔ اسی طرح پلاٹینم استعمال کرنے میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ۹۴۔ اگر کوئی مرد جہالت کی وجہ سے یا بھول کر سونے کے لباس یا انگوٹھی کے ساتھ نماز پڑھ لے تو اس کی نماز صحیح ہے۔